PM's departure statement ahead of his visit to Bangladesh

March 25, 2021

بنگلہ دیش کے دورے پر روانہ ہونے سے قبل وزیر اعظم کا بیان

25 مارچ، 2021

میں بنگلہ دیش کی وزیر اعظم محترمہ شیخ حسینہ کی دعوت پر 27-26 مارچ 2021 کو بنگلہ دیش کا دورہ کروں گا۔

مجھے خوشی ہے کہ کووڈ- 19 کی وبا کی شروعات کے بعد کسی ایسے پڑوسی دوست ملک کا یہ میرا پہلا غیرملکی دورہ ہے، جس کے ساتھ بھارت کے ثقافتی، لسانی اور دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان آپس میں گہرے تعلقات ہیں۔

میں کل قومی دن تقریبات میں اپنی شرکت کا منتظر ہوں جب بنگلہ دیش کے بابائے قوم بنگ بندھو شیخ مجیب الرحمان کی پیدائش کی صدی منائی جارہی ہے۔ بنگ بندھو گزشتہ صدی کے قدآور لیڈروں میں سے ایک تھے، جن کی زندگی اور آئیڈیلس لاکھوں لوگوں کے لئے باعث تحریک ہیں۔ ان کی یاد کو اپنا احترام دینے کے لئے میں تنگی پاڑہ میں بنگ بندھو کی سمادھی پر جانے کا منتظر ہوں۔

میں پورانک روایات کی 51 شکتی پیٹھوں میں سے ایک، قدیم جشوریشوری کالی مندر میں دیوی کالی کی پوجا کرنے کا بے صبری سے انتظار کررہا ہوں۔

میں خاص طور سے اوراکانڈی میں متوا برادری کے نمائندوں کے ساتھ اپنی بات چیت کا بھی منتظر ہوں، جہاں سے سری سری ہری چندر ٹھاکر جی نے اپنا مقدس پیغام دیا تھا۔

گزشتہ سال دیسمبر میں وزیر اعظم شیخ حسینہ کے ساتھ تعمیری ورچول میٹنگ کے بعد مجھے امید ہے کہ اس دورے کے دوران ان کے ساتھ گہرائی کے ساتھ تبادلہ خیال ہوگا۔ میں عالی جناب صدر عبد الحمید اور بنگلہ دیش کے دیگر معززین کے ساتھ بھی اپنی میٹنگ کا شدت کے ساتھ منتظر ہوں۔

میرا دورہ وزیر اعظم شیخ حسینہ کی دوراندیش قیادت میں بنگلہ دیش کی قابل ذکر اقتصادی وترقیاتی پیش رفت کے لئے نہ صرف ان کی ستائش کرنے کا موقع ہوگا، بلکہ ان حصول یابیوں کے لئے بھارت کے تعاون کے لئے بھی پابند عہد ہوگا۔ میں کووڈ-19 کے خلاف بنگلہ دیش کی جنگ کے تئیں بھارت کی حمایت اور یکجہتی کا بھی اظہار کروں گا۔

نئی دہلی
25 مارچ، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.